اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ o اَمَّابَعْدُفَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

آذان اول کے بعد کھانا کھانا اور ایک یا دو اسلامی بھائیوں کیلئے اے،سی چلانا کیسا

سوال:- سوال نمبر 1 :افتاء مکتب میں عرض ہے کہ مدرسۃ المدینہ آن لائن کے اجیر اسلامی بھائیوں کیلئے جمعہ کی پہلی اذان کے بعد کھانا آگیا توکیا وہ کھا کر جمعے کیلئے جا سکتے ہیں یا کھائے بغیر ہی جمعے کیلئے جانا ضروری ہے جبکہ اگر کھانا جمعے کے بعد کھائیں تو اگلے طالب علم کی کلاس متاثر ہو گی۔

سوال نمبر 2 :افتاء مکتب میں عرض ہے کہ مدرسۃ المدینہ آن لائن کے آفسز میں اے سی لگا ہوا ہے جو کہ معلوم یہ کرنا ہے کہ اگر کوئی کمرہ مکمل بند ہے اور ہوا کے کراس کا ذریعہ نہیں ہے ایسی صورت میں کمرے کا دروازہ کُھلا رکھنے پر بھی گرمی اور حبس رہتی ہے اس صورت میں ایک یا دو اسلامی بھائی سسٹم آن کر کے ہی بیٹھے ہوئے ہوں تو کیا کچھ دیر اے سی آن کر سکتے ہیں تاکہ بیٹھنے میں آزمائش نہ ہو؟

جواب: پہلی اذان کے بعد کھانے نہیں کھا سکتے۔

ایک دو اسلامی بھائی اجارہ وقت میں اگر بیٹھے ہیں اور تدریس کررہے ہیں تو اے سی چلاسکتے ہیں۔۔انس

(افتاء مکتب مرکزالاولیاء لاہور) (7-07-2018)

مجلس مدرسۃ المدینہ آن لائن (دعوتِ اسلامی)